OPEN ACCESS: Al Khadim Research Journal of Islamic Culture and Civilization
ISSN (ONLINE): 2710-0235 & ISSN (PRINT): 2710-0227
https://www.arjicc.com
DOI: https://doi.org/10.53575/arjicc.v3.02(22)u12.155-182

کنزالمدارس بورڈ کے نصاب کا ایچ ای سی کے اصول وضوابط کی روشنی میں تقابلی جائزہ

A Comparative Study of the Curriculum of *Kanz Al-Madaris Board* in the Light of *HEC*'s Rules and Regulations

Hafiz Ahmed Saeed Rana
PhD Arabic, Research Scholar, Bahauddin Zakariyyah University, Multan.
Email: hafizahmadsaeed90@gamail.com ORCID: 0000-0002-0572-5428

Received on: 14-05-2022 Accepted on: 17-06-2022

Abstract

The initially curriculum of *Dars e Nizami* formulated by *Mulla Nizamuddin* consisted of eleven sciences and arts, which has been prevalent from the time of *Aurangzeb Alamgir* to the present day in the religious madrasas of Indo-Pak keeping in mind the various contemporary changes of the time. In the present era, the number of these sciences and arts has reached up to 30. After the partition of Subcontinent, this curriculum has been formally taught in many religious madrasas of Pakistan and as a result, the graduates here were not playing any significant role in the development of the country due to the lack of flexibility in the curriculum. Therefore, during the period of *General Zia-ul-Haq*, some technical changes were made in the curriculum like some modern arts such as English language, Mathematics, Pakistan Studies etc. were made part of the curriculum and the degree of these graduates was made equal to *MA Arabic & Islamic Studies*. Now, in the recent past, during the tenure of *Prime Minister Imran Khan*, emphasis was placed on *One Nation Curriculum* and the religious madrasas were also required to include modern arts in their curriculum. Therefore, in this regard, the establishment of some new religious boards was also implemented in which *Kanz Al-Madaris* Board has a very important rule due to its wider range of books included in the curriculum of *Dars e Nizami*. And further this board's syllabus along with exams pattern is pretty much as per HEC rules and regulations. So, we will compare in this study the books of *Dars e Nizami* included in Kanz Al-Madaris with the curriculum of HEC so that the current targets of religious madaris can be seemed and compared based on future goals in this modern era. This will be the first comparative research that will prompt religious boards individually to try to adapt their curriculum to the requirements of modern era.

Keywords: Dars e Nizami; Curriculum; Kanz Al-Madaris Board; HEC's rules and regulations; Religious Madaris.

تمہید:

قیام پاکستان سے ہی دینی مدارس اپنے یہاں کے مروجہ کورس "درس نظامی" کہ جسکا دورانیہ 8 سال ہے، کی وجہ سے کافی اہمیت کے حامل رہے ہیں۔ یہ کورس دراصل ملا نظام الدین کی طرف سے وضع کردہ علوم فنون کا ایسا مجموعہ تھا کہ جس کے تعلم سے ایک شخص قرآن وسنت کا نہ صرف صحیح فہم حاصل کر سکتا تھا بلکہ انکی اشاعت میں اپنا کردار ادا کر سکتا تھا، لیکن پاکستان کا شہری ہونے کے ناطے اس فارغ التحصیل فرد کو

ملک وملت کی فلاح وترقی میں کردار ادا کرنے کا موقع نہیں مل پا رہا تھا۔ چنانچہ ان دینی مدارس کے تعلیم وتعلم کے نظام کو جنرل ضیاء الحق نے 1987ء میں پانچ دینی بورڈز کا قیام عمل میں لا کر حکومت کی زیر نگرانی کر دیا اور یہاں پر انگلش اور ریاضی کے مضامین کو لازمی قرار دے کر شامل نصاب کر دیا گیا اور مزید یہ یہاں کے فارغ التحصیل افراد کی ڈگری کو ایم اے عربی و اسلامیات کے مساوی کر دیا گیا۔ ماضی قریب کی حکومت نے بھی یکساں قومی نصاب کے ایجنڈے کو مطمح نظر رکھا اور دس نئے دینی تعلیمی بورڈز کو وجود میں لائی کہ جن میں سے ایک دینی بورڈ "کنزالمدارس" بھی ہے کہ جو اپنے سینکڑوں اداروں اور ہزاروں طلبہ وطالبات کی افرادی قوت کے سبب کافی اہمیت کا حامل ہے۔

نصاب:

نصاب کا انگریزی میں متبادل لفظ "Curriculum" استعمال ہوتا ہے جو کہ دراصل لاطینی زبان کے لفظ "Courier" سے مل کر بنا ہے[1]، جس کے معنی "اس پیغام رساں کے ہیں جو شاہراہ پر پیغام رسانی کے لیے تیزی سے دوڑتا ہے"[2]۔

نصاب جدید تصور تعلیم میں علوم فنون اور ان سے متعلقہ سرگرمیوں کا ایسا کلیہ ہے جو کسی ادارے کے نظام تعلیم کے تحت طالب علم کو فراہم کیا جاتا ہے اور طالب علم اسی کے مطابق تعلیم حاصل کرنے کی سعی کرتا ہے، اور یہ طلبہ کی شخصی، ذہنی، سماجی اور جسمانی ترقی میں کردار ادا کرتا ہے۔ مقاصد تعلیم جو کہ نظام تعلیم میں بنیادی حیثیت رکھتے ہیں، کا حصول بھی نصاب کے ذریعے ہی ممکن ہو پاتا ہے۔ نصاب دراصل تجربات، مشاہدات اور تحقیقات وغیرہا پر مشتمل ہوتا ہے، نیز اس میں کافی حد تک اسناد وروایات بھی لفظی صورت میں ہوتی ہیں[3]۔

مسلمان مفکرین کے ہاں تصور نصاب:

- **امام محمد بن ادریس الشافعی(150ھ-204ھ):**

امام شافعی نے علم کی دو اقسام بیان کی ہیں: 1- علم فقہ جو کہ امور دینیہ کے لیے ضروری ہے، وہ یہاں فقہ سے مراد علل واحکام کا علم نہیں لیتے بلکہ اس سے مراد وہ تمام علوم ہیں کہ جو فکری اور عملی بنیادوں پر انسان سے ملحق ہوتے ہیں۔ 2- علم طب جو کہ اصلاح ابدان کے لیے ضروری ہے[4]۔

- **ابن سینا(370ھ-428ھ):**

ابن سینا کا براہ راست تعلیمی نصاب کی تدوین میں کوئی تاریخی کردار نہیں ملتا۔ بہر حال انہوں نے علوم کی درجہ بندی ضرور کی ہے۔ انہوں نے علوم کی تین اقسام بیان کی ہیں:

1. **علوم عالیہ:** وہ علوم جو حکمت پر مبنی ہوتے ہیں اور ان علوم کا مادے سے کوئی تعلق نہیں ہوتا ہے، جیسا کہ الہیات، فلسفہ اور منطق۔
2. **علوم طبیعیہ:** وہ علوم کہ جن کا موضوع مادہ ہے، جیسا کہ کیمسٹری، فزکس اور میڈیکل۔
3. **وسطی علوم:** وہ علوم کہ جو اپنی جزوی خصوصیات میں مادی اور مابعد الطبیعات دونوں علوم سے تعلق رکھتے ہیں، جیسا کہ علم فلکیات، علم ہندسہ، علم نجوم، موسیقی وغیرہ۔

یہ وہ تقسیم کاری ہے جو کہ ابن سینا کی کتب ((الشفا))، ((عیون الحکمۃ)) اور ((کتاب النجاۃ)) سے ماخوذ ہے[5]۔

- **امام غزالی(450ھ-505ھ):**

امام غزالی نے مضامین نصاب کی دو درجات میں تقسیم کاری کی ہے[6]:

1. **لازمی مضامین:** امام غزالی قرآن، حدیث، فقہ اور وغیرہ کی تعلیم کو ہر مسلمان کے لیے فرضِ عین قرار دیتے ہیں۔ وہ بنیادی عقائد اور عمر کے مطابق روزمرہ زندگی کی عبادات اور معاملات کے بارے میں علوم کو پیش کرتے ہیں، اس سلسلہ میں وہ تدریج کے اصول کو اپناتے ہیں۔ مزید یہ کہ وہ علوم شرعیہ کی تقسیم میں صفات محمودہ و مذمومہ کو بھی ملحق کرتے ہیں۔ وہ یہ کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص شرعی علم فقط دنیا کے مال و دولت کے لیے حاصل کرتا ہے تو یہ مذموم صفت ہے۔
2. **اختیاری مضامین:** امام غزالی اختیاری مضامین کو فرض کفایہ قرار دیتے ہیں۔ اس میں وہ ان علوم کو شامل کرتے ہیں جو معاشرے کے چلن کے ضروری ہیں، جیسا کہ طب، ریاضی، زراعت، صنعت و حرفت، پارچہ بافی اور علم سیاسیات وغیرہ شامل ہیں۔

- **برہان الاسلام الزرنوجی(----593ھ):**

علامہ زرنوجی وہ پہلے انسان ہیں کہ جنھوں نے رسمی نظام تعلیم کے لیے طلبہ کے درجات کے مطابق نصاب کا تصور پیش کیا۔ وہ کہتے ہیں کہ ابتدائی تعلیم قرآن و سنت کی ہونی چاہیے اسکے بعد ثانوی درجات میں فقہ اور اصول فقہ کو پڑھانا چاہیے اور اعلی درجوں میں پیشہ ورانہ تعلیم دی جانی چاہیے۔ وہ ان علوم کے علاوہ تمام علوم کو بقدر ضرورت سیکھنا درست قرار دیتے ہیں جیسا کہ ان کا کہنا ہے کہ علم النجوم کا سیکھنا جائز نہیں مگر اتنا سیکھنا کہ جس سے قبلہ کی سمت، نماز کے اوقات وغیرہا معلوم ہو سکیں جائز ہے۔ وہ تعلیم کے ساتھ ساتھ تربیت پر بھی خاصہ زور دیتے ہیں[7]۔

- **ابن خلدون(732ھ-808ھ):**

ابن خلدون نصاب کی تدوین میں دو چیزوں کو اہم قرار دیتے ہیں[8]:

1. **عمر:** ابن خلدون کا کہنا ہے کہ تعلیم بچے کی عمر کے مطابق ہونی چاہیے۔ وہ کہتے ہیں کہ ابتدائی تعلیم کا آغاز مادری زبان سے کیا جانا چاہیے کیونکہ اجنبی زبان میں تعلیم نصف تعلیم کے مترادف ہے۔ پھر اسکے بعد وہ ترتیبِ عمر میں ریاضی کو لاتے ہیں، پھر قرآن پاک کی تعلیم کو مقام دیتے ہیں[9]۔
2. **رجحان و استعداد:** ان کا یہ بھی خیال ہے نظام تعلیم میں بچوں کے رجحان و استعداد کا بھی خیال رکھا جائے اور ان کو مد نظر رکھتے ہوئے نصاب کو مدون کیا جائے۔ اسی بنا پر انہوں نے علوم کو دو اقسام میں منقسم کیا ہے: علم طبیعی اور علم نقلی۔ علم طبیعی وہ علم ہے کہ جس میں انسان تعقل و تفکر کو اپناتا ہے اور اس کے نتیجے میں وہ کسی خاص کر نقطۂ کمال تک پہنچ جاتا ہے جیسا کہ منطق، فلسفہ اور ہندسہ وغیرہ، جبکہ نقلی علوم وہ علوم ہیں جو بذریعہ روایت ہم تک پہنچے ہیں اور انکا سرچشمہ قرآن کریم ہے جیسا کہ تفسیر، حدیث، فقہ وغیرہ[10]۔

- **ملا نظام الدین سہالوی(۔۔۔۔-1161ھ):**

ملا نظام الدین سہالوی کے والد ماجد شیخ قطب الدین نے دراصل برصغیر کے علمی طرز پر ایک نصاب کا تصور پیش کیا تھا لیکن انکی زندگی میں یہ نصاب مروج نہ ہو سکا۔ انکی شہادت کے بعد انکے فرزند ملا نظام الدین نے اس نصاب پر کام کیا اور اس کی تدوین کو پایہ تکمیل تک پہنچایا[11]۔ اس نصاب میں سابقہ تمام فنون جیسا کہ قرآن، تفسیر، حدیث، فقہ، وغیرہ کے ساتھ ساتھ عربی گرامر، بلاغت، ریاضی، فلسفہ، علم الکلام، منطق کو بھی شامل نصاب کیا گیا۔ جیسا کہ اس نصاب کی خاص بات یہ ہے کہ اس میں برصغیر کے علماء کی کتاب کو بھی شامل نصاب کیا گیا تاکہ یہاں کے طلبہ کے لیے فہم میں آسانی ہو۔ اس نصاب کے مضامین اور انکے لیے مختص کتب پیش کی جارہی ہیں[12]:

نمبر شمار	مضامین	کتب
•	صرف	میزان، منشعب، صرف میر، پنج گنج، زبدہ، فصول اکبری، شافیہ۔
•	نحو	نحو میر، شرح مائۃ عامل، ہدایۃ النحو، کافیہ، شرح جامی۔
•	منطق	صغری، کبری، ایساغوجی، تہذیب، شرح تہذیب، قطبی مع میر، سلم العلوم۔
•	حکمت	میبذی، صدرا، شمس بازغہ۔
•	ریاضی	خلاصۃ الحساب، تحریر اقلیدس مقالہ اولی، تشریح الافلاک، رسالہ قوشجیہ، شرح چغمنی باب اول۔
•	بلاغت	مختصر معانی، مطول، ماانا قلت۔
•	فقہ	شرح وقایہ اولین، ہدایہ آخرین۔
•	اصول فقہ	نور الانوار، توضیح تلویح، مسلم الثبوت۔
•	علم الکلام	شرح عقائد النسفی، شرح عقائد جلالی، میر زاہد، شرح مواقف۔
•	تفسیر	تفسیر بیضاوی، تفسیر جلالین۔
•	حدیث	مشکوۃ المصابیح۔

انہوں نے تدوین نصاب میں تدریج کے اصول کو اپنایا ہے یعنی برصغیر کے طلبہ کی ذہنی اور استعدادی کیفیت کے مطابق کتب کو منظم کیا۔ چونکہ برصغیر میں اس وقت سب سے زیادہ بولی جانیوالی زبان فارسی تھی تو اس لیے انہوں نے ابن خلدون کے نظریہ کے مطابق ابتدائی تعلیم کو مادری زبان میں رکھا۔ ملا نظام الدین کتاب کو ذریعہ علم قرار دیتے تھے اور اصل فن کی تعلیم پر زور دیتے تھے۔ یہ عربی نصاب تعلیم پر پیش کیا جانیوالا چوتھا ایسا نصاب تھا کہ جو تقریبا تمام تر قدیم مضامین کی ابتدائی کتب کو شامل تھا۔ یہی نصاب بعد میں انکے نام سے منسوب ہو کر "درس نظامی یا نظامیہ" کہلایا[13]۔

- **امام اہل سنت مولانا احمد رضا خان (1272ھ-1340ھ):**

امام احمد رضا خان کے نزدیک تعلیم کا مقصد اصلی خدارسی ور سول شناسی ہے۔انہوں نے درس نظامی کے مروجہ نصاب میں کوئی تبدیلی نہیں ت کیونکہ وہ خود بھی اسی نصاب تعلیم کے تعلم سے آراستہ رہے، البتہ انہوں نے اپنے یہاں کے زمانے میں مروج مغربی مضامین کو شامل نصاب کرنے کے حوالے سے چند شرائط کو مرتب کیا۔انہوں نے علوم کو تین اقسام میں منقسم کردیا: **1-فرض عین علوم**، جیسا کہ علم العقائد اور کیفیت نماز ان کا سیکھنا ہر مسلمان پر فرض ہے۔ **2-وہ علوم کہ جن کا سیکھنا حالت موجودہ کے مطابق فرض ہے**، جیسا کہ اگر رمضان آئے تو روزے کے احکام جاننا، نکاح کرنے لگے تو نکاح کے احکام جاننا، تجارت کرنے لگے تو تجارت سے متعلقہ اسلامی نقطہ ہائے نظر کا علم ہونا وغیرہ [14] **3-وہ علوم کہ جو فرض تو نہ ہوں لیکن انکا سیکھنا دین کے لیے نفع بخش ہو**، جیسا کہ عربی گرامر قرآن وسنت کے فہم کے لیے، علم ریاضی و ہندسہ احکامات دینیہ جیسا کہ جہت کا تعین، موسموں کا آنا، کرنسی کا عصر حاضر کے مطابق تعین، مسافت کا تعین وغیرہا احکامات اسی قبیل سے متعلقہ ہیں۔ یہ علوم فرض کفایہ، واجب، مسنون اور مستحب کے درجہ میں رہیں گے۔امام احمد رضا خان نے دراصل امام غزالی کے نظریہ تعلیم کے تمام تر مفہومات کو صحیح معنوں میں روشناس کروایا ہے [15]۔میں کہتا ہوں کہ اگر امام احمد رضا خان کے اس نظریہ تعلیم کی تشریح میسر نہ آتی تو شاید عالم کون کے اس دور جدید میں مسلمان راہ حق سے بھٹک جاتے۔

انہوں نے نظام تعلیم پر ایک دس نکاتی فارمولا بھی پیش کیا تھا کہ جس میں انہوں نے کہا کہ سائنس بھی علم کا ایک حصہ ہے تاہم اسکا حصول اسلام کی روشنی میں ہونا چاہیے۔ وہ کہتے تھے کہ مغربی فنون جیسا کہ انگلش، ریاضی وغیرہا پڑھانے میں اس وقت تک حرج نہیں کہ جب تک وہ اسلامی عقائد، اخلاق و روایات وغیرہا پر اپنا ثبت قائم نہ کریں۔انہوں نے فلسفہ کے نظریات کی وضاحت ورد اپنے رسائل میں بیان تو کی ہے لیکن وہ فقہ کو فلسفہ پر ترجیح دیتے ہیں کیونکہ فقہ کا تعلق احکامات سے ہے جو کہ مندرجہ بالا دوسری قسم ہے [16]۔ اسی لیے وہ ان علوم (طبیعات ومابعد الطبیعات) کے حصول کا درجہ علوم دینیہ کی تکمیل کے بعد رکھتے ہیں [17]۔انہوں نے نظام تعلیم میں نظریہ حکمت، نظریہ افادیت اور نظریہ حرمت کو بنیاد بنایا ہے [18]۔

مغربی مفکرین کے ہاں تصور نصاب:

- **جان ایموس کومنیئس/John Amos Cominus(1592ء-1670ء):**

اسے جدید نظام تعلیم جو کہ آجکل سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز میں مروج ہے کا بانی کہا جاتا ہے۔ وہ نصاب کو عمر کا لحاظ رکھتے ہوئے پیش کرتے ہیں۔ درجہ کے حساب سے انکا پیش کردہ نصاب حسب ذیل ہے:

درجہ	عمر	نصاب	طریقہ ہائے تدریس
نرسری سکول	پیدائش تا 6 سال تک	تربیت کرنا۔	ماں باپ کو روایتی بنیادوں پر بچوں کی تربیت کرنی چاہیے۔

پرائمری سکول	6تا12سال	کتابت،بنیادی حساب،ڈرائنگ،تاریخ،جغرافیہ،اخلاقیات۔	پرائمری تعلیم سب کے لیے عام اور یکساں ہو۔
ثانوی سکول	12سے18 سال	طلبہ کے رجحان کی بناپر مضامین، جنسی تعلیم(لازمی)۔	اس عمر میں بچہ سن بلوغت کو پہنچ رہاہوتا ہےاس لیےاس کے لیے جنسی تعلیم لازمی ہے۔
یونیورسٹی کی تعلیم/پیشہ ورانہ تعلیم	18سے24 سال	پیشہ کے مطابق مضامین کاانتخاب ہو مثلا طب کی تعلیم،انجینئرنگ کی تعلیم وغیرہ۔	صرف ذہین اور قابل طلبہ کو ہی یونیورسٹی کی تعلیم دی جانی چاہیے۔

مزید یہ کہ کومینئس وہ پہلا مغربی مفکر ہے کہ جو استاد کے ادب کو ہر درجہ کے تعلیمی نصاب میں لازمی حیثیت دیتا ہے[19]۔

- **جین جیکوئس روسو/Jean Jacques Rousseau(1712ء-1778ء):**

روسو کے نزدیک تعلیم کے ذرائع تین ہیں:

1-انسان2-فطرت3-اشیاء

وہ بطور خاص نصاب تعلیم کے لیے کتابوں کو متعین نہیں کرتے ہیں بلکہ وہ اپنے مشہور زمانہ نظریہ فطرت کے تحت یہ کہتے ہیں کہ ہر بچے کو اسکے فطرت کے مطابق تعلیم دی جانی چاہیے۔وہ اس میں تدریج کے اصول کو اپناتے ہیں اور مندرجہ بالا تین ہی چیزوں سے عملی بنیادوں پر تعلیم دینے کو درست قرار دیتے ہیں،انہوں نے اپنی کتاب((Emile))میں ایک مثالی بچے کی تعلیم و تربیت پر لکھا ہے[20]۔

- **یوہن ہائنرچ پستالوزی/Johann Heinrich Pestalozzi(1746ء-1827ء):**

اسکے نظریات میں روسو کے تفکرات کی چھاپ نظر آتی ہے،اور پستالوزی نے دراصل روسو کے نظریات کو عملی جامہ پہنانے کی کوشش کی۔انہوں نے روسو کے نظریہ تعلیم میں نظریہ فطرت کے ساتھ بچے کی نفسیات کا اضافہ بھی کیا۔یعنی وہ کہتے تھے کہ بچے کو اسکی نفسیات سے موافق عملی بنیادوں پر آزادانہ تربیت دی جائے۔پستالوزی کا مزید یہ بھی کہنا ہے کہ پرائمری سکول میں حساب،جغرافیہ،ڈارئنگ،زبان اور موسیقی کے مضامین پڑھائے جانے چاہیں[21]۔

- **جان فریڈرک ہربرٹ/Johann Fredrich Herbart(1776ء-1841ء):**

ہربرٹ کے نزدیک نصاب کو اس قسم کا ترتیب دیا جانا چاہیے کہ جس کے تعلم سے طالب العلم کو معاشرے اور دنیا کے بارے میں وسیع علم حاصل ہو۔ہربرٹ کے نصاب کے مضامین تاریخی اور سائنسی نوعیت کے ہیں۔تاریخی مضامین میں وہ تاریخ،زبان اور ادب کو شامل کرتا ہے، جبکہ سائنسی مضامین میں ریاضی اور فطری سائنس وغیرہ کو شامل کرتا ہے[22]۔

نصاب کا قدیم تصور:

- **ہندوستان میں قدیم نصاب تعلیم:**

برصغیر میں سات سال کی عمر میں بچے کو داخل پاٹ شالا (مدرسہ) کیا جاتا تھا اور اصلا وہاں پر استاد کا درس ہی نصاب ہوا کرتا تھا کہ جس میں کتابت کی ابتدائی مشق اور حساب کتاب کے پہاڑے یاد کروائے جاتے تھے، اور استاد کے دروس عموما کہانی اور کسی نتیجہ پر مبنی ہوتے تھے تاکہ ان کے ذریعے اخلاقی تعلیم دی جاسکے۔ برصغیر میں اعلی تعلیم کے لیے 12 سال کی عمر کو متعین کیا گیا کہ جس میں پورے خطے کی سب سے زیادہ بولی جانیوالی زبان کی صرف و نحو، ریاضی، معانی و بیان، فلسفہ، علم ہیئت، علم طب اور قانون کی تعلیم دی جاتی تھی، اور جسمانی سرگرمیوں کا نصاب میں تصور موجود نہ تھا۔ اس طرح کے تعلم نصاب کے بعد معاشرتی کردار ادا کرنے کو ترجیح دی جاتی تھی، تو کوئی حکیم بنتا تھا، تو کوئی زائچہ بنانے والا بنتا تھا، تو کوئی لوگوں کے بیچ فیصلہ کرنے والا نمبر دار بنتا تھا۔ یہ تمام تر نصاب استاد کے متعین کردہ فکر پر مرتب ہوتا تھا[23]۔

- **یہودیوں کے ہاں نصاب تعلیم:**

یہودیوں کے ہاں ابتدائی تعلیم کا آغاز پہلی صدی عیسوی سے پہلے گھروں میں غیر رسمی طریقہ تعلیم پر ہوتا تھا، جبکہ اسکے بعد جب مدارس کا رواج پڑا تو اس وقت یہود چھ سال کی عمر میں بچے کو مدرسہ میں داخل کرادیتے ہیں۔ بچہ کو سب سے پہلے توریت پڑھائی جاتی تھی اور اسکی تشریح استاد اپنے مطالب کی روشنی میں کرتا تھا۔ اسکے علاوہ مدارس میں پڑھنا لکھنا سکھانے کے ساتھ ساتھ طبیعیات اور اقلیدس بھی پڑھائی جاتی تھی۔ یہودیوں کے مکاتب آج بھی دقیانوسی طرز پر قائم ہیں[24]۔

- **یونانیوں کے ہاں نصاب تعلیم:**

یونان کے دو مشہور شہر اسپارٹا اور ایتھنز تعلیم و تعلم کے حوالے سے کافی اہمیت کے حامل ہیں۔ اسپارٹا کے اندر تعلیم کا زیادہ حصہ جسمانی سرگرمیوں پر ہی مشتمل تھا۔ سات سال تک بچہ اپنے سرپرست کی نگرانی میں تربیت حاصل کرتا تھا، پھر اسکے بعد اسے جسمانی سرگرمیوں والے سکول میں داخل کر دیا جاتا تھا جہاں انکو کڑے اصول وضوابط پر کاربند رہ کر اپنی تربیت کا عمل پایہ تکمیل تک پہچانا ہوتا تھا۔ اسکے علاوہ یہاں کے بچوں کو اخلاقیات کی بھی تعلیم دی جاتی تھی[25]۔

ایتھنز میں بھی جسمانی تعلیم کا اہتمام کیا جاتا تھا اور ساتھ ہی انکی زبان کی صرف و نحو اور موسیقی کے متعلق مضامین بھی پڑھائے جاتے تھے، اسی طرح پڑھنا لکھنا، تیراکی، مذہبی قصے پڑھانا، اور پیشہ ورانہ تعلیم بھی دی جاتی تھی۔ قانون کی تعلیم کے لیے اساتذہ تو مقرر تھے کہ جن کو سوفسطائیہ کا نام دیا گیا لیکن کوئی خاص کتاب شامل نصاب نہ تھی۔ یہ سوفسطائیہ ہی بچوں کو اپنی تقاریر سے بحث و مباحثہ کرنا، مدمقابل پر دلائل قائم کرنا جیسے عنوانات سکھاتے تھے۔ اسی طرح ایتھنز میں سقراط کی پیدائش کے بعد طریقہ استدلال کے عنوانات بھی نوجوانوں کو سکھائے گئے[26]۔

- **رومیوں کے ہاں نصاب تعلیم:**

سات سال سے بارہ سال تک کی ابتدائی تعلیم میں بچے کو داخل مدرسہ کیا جاتا تھا اور اسے لکھنا پڑھنا سکھایا جاتا تھا اور ساتھ ہی حساب میں

اباکس(Abacus)کااستعمال سکھایاجاتاتھا۔طلبہ کواخلاقیات بھی سکھائے جاتے تھے۔ بارہ سال کے بعداعلیٰ تعلیم میں زبان کی صرف و نحو،السنہ یونانی اور فصاحت وبلاغت کے اصول وضوابط کو نظمیں حفظ کراکے پڑھایاجاتاتھا[27]۔

جدید تصور نصاب:

- **مغرب میں تصور نصاب:**

مغرب میں تدوین نصاب کی اساسی اکائی بچہ کی نشو نما ہے۔اب بچے کی اس نشونما کے عمل میں انکے یہاں مختلف تصورات جنم لیتے رہے ہیں۔ مثلا یہ کہ پہلے پہل نصاب کو تجربات ومشاہدات پر مشتمل ایک تحریری منصوبہ کہا گیا کہ جو بچوں کی تربیت کاانتظام کرتاہے۔ پھر بعد میں اس تحریری منصوبہ کے ساتھ معلم کو اس منصوبہ میں مربی کی حیثیت دے دی گئی اور ساتھ ہی اس میں حالات و معاشرہ کو بھی شامل کرلیا گیا۔مزید یہ کہ طلبہ کی نشونما کے لیے بچہ اور ماحول کا باہمی ربط بھی ہوناضروری قرار پایا،اور یہ باہمی ربط بچے کے ذہنی وجسمانی پہلوؤں کے تعامل کے بغیر ناممکن ہے۔لہذانصاب تحریری وجسمانی سرگرمیوں کا مجموعہ ہے جوکہ ایک ادارہ استاد کی رہنمائی میں طالب العلم کی نشونما کے لیے فراہم کرتاہے،یعنی کہ یہ نشونماطالب العلم اوراسکے معاشرے کے باہمی تعامل سے ہی ممکن ہے[28]۔

- **دنیائے اسلام کا تصور نصاب:**

اسلامی نصاب تعلیم میں ذہن وفکر کواولیت حاصل ہے۔اسلام اپنی نقل وروایات کی روشنی میں بچوں کے تصورات واعتقادات کودرست کرتا ہے کہ جن کا سرچشمہ حقیقی قرآن وسنت ہیں۔اسلام بچے کی معاشرتی کردار سازی، باطن کاتزکیہ اور خلیفۃاللہ ہونے کی حیثیت سے انفرادی و اجتماعی زندگی میں اطاعت الٰہی جیسے مضامین کو عملی بنیادوں پر لازمی قرار دیتاہے۔اسلامی نصاب تعلیم فقط بچے کے روحانی پہلو کی نشونماکاتصور نہیں پیش کرتابلکہ وہ مادیت کاتصور بھی پیش کرتاہے۔الغرض اسلامی نصاب تعلیم انسان کے تمام تر پہلوؤں کی جامع نشونماکاجامع تصور پیش کرتاہے[29]۔

معیاری نصاب کی خصوصیات:

- نصاب مقاصد تعلیم کے حصول کی انتہائی حد تک تکمیل کوآسان بنانے والاہو۔
- بچے کی تمام تر پہلوؤں کی ہمہ گیر نشونما کرنے والاہو۔
- نصابی مواد بحیثیت مجموعی بچوں کی نفسیات کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دیا گیاہو۔
- تجربے کاتسلسل قائم ہوتاکہ بچہ جمود کاشکار نہ ہوجائے۔
- نصابی مواد مقامی ماحول کو پیش نظر رکھ کر ترتیب دیا گیاہو، نیزیہ کہ اس میں روایات واقدار بھی کسی حد تک داخل ہوں۔
- نصاب کی عارضی بنیادوں میں لچک موجود ہوتاکہ مقامی ماحول کے مطابق نصاب میں تبدیلی کا عمل ممکن ہوپائے[30]۔

مدارس میں درس نظامی کا تاریخی پس منظر:

اسلام دین فطرت ہے اور مردوزن کی تعلیم وتربیت پر زور دیتا ہے۔ ابتدائے اسلام میں تعلیم وتربیت کے لیے دار ارقم، صفہ اور دار القراء جیسے ادارے آنحضرت ﷺ کی موجودگی میں فہم دین اور اشاعت دین کا فریضہ سرانجام دیتے رہے ہیں۔ ان اداروں کو اسلامی تعلیم کے ابتدائی رسمی تعلیمی (Initiative Formal Institutons) کہا جاسکتا ہے کیونکہ یہاں کے طلبہ متعین جگہ میں خود نبی اکرم ﷺ اور مخصوص صحابہ کرام کے زیر سایہ تعلیم وتربیت پاتے رہے ہیں۔ یہاں کا نصاب، قرآن کی قراءت وفہم نبی پاک ﷺ کے ارشادات کی روشنی میں وضاحت وتشریح پر مشتمل تھا۔ مزید برآں یہ کہ رسول اکرم ﷺ نے فنون معاش وپیشہ ورانہ تعلیم جیسا کہ کتابت، تیراکی، شہسواری اور شاعری وغیرہا کے سیکھنے پر بھی خاصہ زور دیا۔

زمانہ نبوی کے بعد سے حضرات تابعین تک تعلیم وتربیت کا یہ سلسلہ مساجد وغیرہ میں انجام دیا جاتا رہا جبکہ تابعین کے بعد کے ادوار میں تعلیم تربیت کے لیے باقاعدہ مدارس کا قیام عمل میں آیا۔ گرچہ تاریخی پہلو سے اس بات میں اختلاف ہے کہ سب سے پہلا مدرسہ نیشا پور میں قائم ہوا یا سلجوقوں کے خواجہ نظام الملک طوسی نے پہلا مدرسہ قائم کیا۔ بہر حال یہ بات تو طے ہے کہ اسی دور سے ہی باقاعدہ اقامتی اسلامی تعلیمی اداروں کا قیام عمل میں آیا۔ خواجہ نظام الملک کو مدارس میں اسلامی نظام تعلیم کو منظم ومرتب کرنے والا پہلا شخص کہا جاسکتا ہے لیکن یہ بات بھی تاریخی حقیقت ہے کہ زمانہ نبوی ﷺ کے بعد اسلامی نصاب تعلیم کئی جہات میں منقسم ہو گیا یعنی کہ کہیں کسی ادارے میں خاص کر حدیث کی تعلیم دی جاتی رہی اور کہیں فقط فقہ کو اہم مقام حاصل رہا اور کہیں پر دیگر فنون معاش کا علم دیا جاتا رہا۔ لہذا نظام الملک طوسی کے قائم کردہ مدارس میں خاص کر فقہ کی تعلیم ہی دی جاتی رہی[31]۔

عرب ممالک میں ہونیوالی ان تمام ترکاوشوں کی چھاپ برصغیر پاک وہند کے عربی دینی مدارس پر بھی پڑتی رہی۔ برصغیر کے اندر عربی دینی مدارس میں نصاب کی ترتیب کا آغاز ساتویں صدی ہجری سے ہوا۔ شروعاتی دور میں صرف، نحو، بلاغت، فقہ، اصول فقہ، منطق، کلام تصوف، تفسیر اور حدیث کے مضامین پڑھائے جاتے تھے پھر رفتہ رفتہ ان میں مزید کتب وفنون کا ادخال ہوتا رہا، یہاں تک کہ بارہویں صدی ہجری میں مغل بادشاہ اورنگزیب عالمگیر کے دور میں ملا نظام الدین سہالوی نے عجم کے احوال کو پیش نظر رکھتے ہوئے 11 علوم وفنون کہ جن میں علم صرف، علم نحو، علم منطق، حکمت وفلسفہ، ریاضی، علم بلاغت، فقہ، اصول فقہ، علم کلام، تفسیر، حدیث شامل تھے، پر مشتمل ایک نصاب کو رسمی بنیادوں پر ترتیب دیا اور اس نصاب کی خاص بات یہ تھی کہ اس میں پہلی مرتبہ برصغیر کے علماء کی تصانیف کو شامل نصاب کیا گیا تھا، اور مزید یہ کہ اس نصاب کو مکمل کرنے والے افراد عالم دین کہلانے کے ساتھ ساتھ مہارت فنون کے ذریعے کسب معاش کو بھی سرانجام دے رہے تھے اور ان افراد کی تعیناتی انگریزوں کی برصغیر آمد سے پہلے اعلی سرکاری عہدوں پر ہوا کرتی تھی۔ اس نصاب کو اتنی مقبولیت حاصل ہوئی کہ برصغیر کے تقریبا تمام تر دینی مدارس میں یہی نصاب پڑھایا جاتا رہا کہ جس کا دورانیہ 8 سال تھا، اس کورس کو "درس نظامی" یا "درس نظامیہ" کے نام سے موسوم کیا گیا۔ ملا نظام الدین نے درس نظامی کے اندر صرف مشکوۃ المصابیح کو شامل کیا تھا جبکہ شاہ ولی اللہ جوانکے

معاصر تھے، نے درس نظامی کے آخری سال کو دورہ حدیث کا نام دیا اور اس میں صحاح ستہ کو شامل نصاب کر دیا[32]۔

تقسیم ہند کے بعد پاکستان کی تعلیمی پالیسی انگریزوں کے زیر اثر رہنے کی وجہ پہلے جیسے نہ رہی ذکیونکہ انگریزوں نے برصغیر کے اندر تعلیمی اصلاحات کیں تھیں اور اپنی زبان انگریزی کی ترویج پر خاصہ زور دیا تھا اور دیگر امور جیسا کہ ملکی ترقی اور معاشی احوال وغیرہا بھی پاکستان کے تعلیمی نصاب پر اثرانداز ہوتے رہے کہ جسکا براہ راست اثر سکولز، کالجز اور یونیورسٹیز کے نصاب پر پڑا جبکہ مدارس دینیہ میں اب بھی کم و بیش وہی قدیم درس نظامی کا نصاب پڑھایا جارہا تھا کہ جس کے تعلم سے ملکی مقاصد کے حصول میں مدارس دینیہ کے فارغ التحصیل افراد خاطر خواہ کردار ادا نہیں کر رہے تھے۔ لہذا جنرل ضیاء الحق کے دور میں درس نظامی کے نصاب میں عصر حاضر کو مد نظر رکھتے ہوئے کچھ فنون جیسا کہ انگلش، ریاضی وغیرہ کو شامل نصاب کیا گیا اور یہاں کے فارغ التحصیل افراد کی ڈگری کو ایم اے عربی واسلامیات کے برابر قرار دے دیا گیا[33]۔

ماضی قریب کے اندر وزیر اعظم عمران خان کے دور میں ایک مسئلہ جو کہ یکساں نصاب تعلیم (Single National Curriculum) کے حوالے سے کافی اہمیت کا حامل رہا۔ اس سلسلہ میں دس نئے دینی بورڈز (Religious Boards) کا قیام بھی زیر عمل آیا، لہذا درس نظامی کروانے والے دینی بورڈز کی مجموعی تعداد 15 ہو گئی۔ ذیل میں ان بورڈز کے نام مع تاریخ قیام دیے جاتے ہیں[34]:

نمبر شمار	دینی بورڈز کے نام	تاریخ
1.	کنزالمدارس بورڈ، پاکستان	27اپریل، 2021م
2.	تنظیم المدارس اہلسنت، لاہور	17نومبر، 1982م
3.	وفاق المدارس الاسلامیہ الرضویہ، پاکستان	4فروری، 2021م
4.	وفاق المدارس العربیہ، ملتان	17نومبر، 1982م
5.	وفاق المدارس السلفیہ، فیصل آباد	17نومبر، 1982م
6.	وفاق المدارس شیعہ، لاہور	17نومبر، 1982م
7.	رابطۃ المدارس الاسلامیہ، لاہور	12اگست، 1987م
8.	اتحاد المدارس العربیہ، مردان	4فروری، 2021م
9.	اتحاد المدارس الاسلامیہ، لاہور	4فروری، 2021م
10.	نظام المدارس، لاہور	4فروری، 2021م

.11	مجمع المدارس تعلیم الکتاب والحکمۃ، لاہور	4فروری، 2021م
.12	وفاق المدارس والجمیعات الدینیہ الباکستانیہ، پاکستان	15اپریل، 2021م
.13	مجمع العلوم والاسلامیہ، پاکستان	15اپریل، 2021م
.14	وحدت المدارس الاسلامیہ، پاکستان	15اپریل، 2021م
.15	بورڈ آف اسلامک ایجوکیشن، پاکستان	27اپریل، 2021م

کنزالمدارس بورڈ:

کنزالمدارس بورڈ پاکستان کی دینی وغیر سیاسی تحریک "دعوت اسلامی "کا ایک ایسا ادارہ ہے کہ جو اس کے دینی تعلیمی اداروں کو نظام تعلیم دینے اور امتحانات لینے کے لیے قائم کیا گیا ہے کہ جسکو وفاقی وزارت تعلیم وفنی تربیت حکومت پاکستان نے مؤرخہ 27اپریل 2021ءنوٹیفیکیشن نمبر1-46/2014-NCC/RE کے تحت کو وفاقی تعلیمی بورڈ کی حیثیت سے منظوری دی ہے۔



REGISTERED No. M-302

The Gazette of Pakistan

PUBLISHED BY AUTHORITY

No. 25] KARACHI, WEDNESDAY, JUNE 23, 2021

CONTENTS

		Pages
Part I—	Notifications regarding appointments, promotions, etc., issued by Ministries/Divisions of the Government of Pakistan, Department of the Auditor-General of Pakistan and the Supreme Court of Pakistan other than the Ministry of Defence and Ministry of Defence Production	689—703
Part II—	Notifications issued by the Ministry of Defence and Ministry of Defence Production	249—253
Part III—	Notifications issued by the High Courts, the Federal Public Service Commission and by the Attached and Subordinate Offices of the Government of Pakistan	361—369
Part IV—	Notifications issued by the minor administrations and miscellaneous notification not included in any other part	63—64
Part V—	Notifications etc., issued by The Patent Office.	151—156
Part VI—	Advertisements and Notices issued by Corporate Bodies and Private Individuals on payment.	391—392
Supplement No.	Weekly, notification of cases and deaths from quarantiable diseases	



MINISTRY OF FEDERAL EDUCATION & PROFESSIONAL TRAINING

Islamabad, the 1st March, 2021

No. F. 1-46/2014-NCC/RE.—In continuation of this Ministry's notifications of even number dated 22nd October, 2019 and 3rd February, 2021, Syed Azhar Abbas Deputy Director (BS-18), National Commission for Human Development (NCHD), presently posted as Deputy Director in the Directorate General of Religious Education (DGRE)'s regional office Rawalpindi on attachment basis, is posted as Director (BS-19), DGRE Regional Office Rawalpindi, on attachment basis, in his own pay & scale, Mr. Abdul Jabbar Memon, Deputy Director (BS-18), NCHD, presently posted as Director, DGRE Regional office, Rawalpindi on attachment basis, is posted as Deputy Director in the same office, on attachment basis, with immediate effect and until further orders.

This issues with the approval of the competent authority *i.e.* Secretary, Ministry of Federal Education & Professional Training, Islamabad.

No. F. 1-46/2014-NCC/RE.—The competent authority i.e. Secretary, Ministry of Federal Education & Professional Training (M/o. FE&PT) has been pleased to approve the Scrutiny Committee comprising of the following.

i. Director General, DGRE — Convener
ii. Deputy Secretary (FE), M/o. FE&PT — Member
iii. Director (Admn, Reg, & Coord), DGRE — Member
iv. Director (Audit & Finance), DGRE — Member

The said Scrutiny Committee will conduct selection of the madaris registered with Directorate General of Religious Education (DGRE) under M/o. FE&PT for facilitation and introduction of contemporary education in the madaris.

This issues with approval of the competent authority.

FAROOQUE AIZAM ABRO,
Assistant Educational Adviser.

یہ بورڈ مختلف کورسز جیسا کہ تجوید وقراءت کورس، درس نظامی، مختلف تخصصات (تخصص فی الحدیث، تخصص فی الفقہ الحنفی، تخصص فی الفقہ والاقتصاد الاسلامی، تخصص فی العلوم العربیہ، تخصص فی الفنون) اور کلیہ الشرعیہ (مساوی ایم -اے اسلامیات) کروانے کا مجاز ہے۔ درس نظامی میں صرف بوائز ہی کے جامعات نہیں بلکہ گرلز جامعات بھی اس بورڈ سے منسلک ہیں۔ کنزالمدارس بورڈ سے ملحقہ ادارے تین طرح کے ہیں:

- **ماڈل جامعات:**

ان جامعات کی بنیاد حال ہی میں رکھی گئی ہے۔ یہ ادارے ابھی صرف بوائز کے بنائے ہیں۔ ان اداروں میں داخلہ کے لیے میٹرک پاس ہونا شرط ہے۔ یہاں پر درس نظامی کے ساتھ انٹر، گریجویٹ (بی اے، بی ایس اردو، ایجوکیشن وغیرہا) اور ماسٹر (ایم اے اردو، ایجوکیشن) کروایا

جاتا ہے، جبکہ ایم فل میں داخلہ کے لیے مختلف یونیورسٹیز کے ٹیسٹ سسٹم کو مد نظر رکھتے ہوئے ورکشاپس کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ان جامعات کی ابتدائی تعداد چار ہے جو کہ پاکستان کے چار بڑے شہروں کراچی، لاہور، فیصل آباد اور ملتان میں قائم کیے گئے ہیں۔ان جامعات کے طلبہ کی مجموعی تعداد 606 ہے۔

- **عصری تعلیمی جامعات:**

یہ تعلیمی ادارے صرف بوائز کے لیے خاص ہیں۔ان تعلیمی اداروں میں درس نظامی کے ساتھ مڈل، میٹرک، انٹر اور گریجویٹ (بی اے جنرل) تک کی تعلیم بھی جاتی ہے۔پاکستان میں یہ دنیاوی تعلیم کا نظام 224 جامعات میں چل رہا ہے جبکہ اسکے کل طلبہ کی تعداد 13593 ہے۔

- **مدنی تعلیمی جامعات:**

یہ تعلیمی ادارے بوائز اور گرلز دونوں کے لیے علیحدہ علیحدہ بنائے گئے ہیں۔ان تعلیمی اداروں میں صرف درس نظامی کروایا جاتا ہے۔بوائز کے جامعات کی تعداد 486 کہ جن میں 31805 طلبہ خالص درسیات کی تعلیم حاصل کر رہے ہیں، جبکہ گرلز کے جامعات کی تعداد 548 ہے کہ جن میں 45000 کے قریب طالبات زیر تعلیم ہیں۔

کنزالمدارس بورڈ کے مقاصد تعلیم:

- دینی وملکی مقاصد تعلیم کا عکاس اور جدید تقاضوں سے ہم آہنگ جامع نصاب کو نافذ کرنا۔
- انسانیت کی بقا اور فلاح و کامرانی کے لئے از حد ضروری قرآن وسنت کی تعلیم کو فروغ دینا۔
- اسلامی عقائد و نظریات کی تعلیم اور انکا تحفظ کرنا اور زندگی کو اسلام کے بنیادی اصولوں اور اساسی نظریات کے مطابق مرتب کرنے کے لئے فرض علوم کی تفہیم دینا۔
- پروفیشنل زندگی میں معاون فنی تربیت کا اہتمام کرنا اور معاشرتی آداب اور اسلامی تہذیب وتمدن کو رواج دینا۔
- تعمیر انسانیت واصلاح معاشرہ کے لیے دین وملت سے مخلص اور جذبہ خدمت سے معمور صاحب کردار افراد کی تیاری کرنا۔
- مدارس میں خالص علمی و تحقیقی ماحول کو پروان چڑھانا۔
- عالمی معیار تعلیم سے مطابقت، جدید طرز تدریس کو رواج دینا اور ریسرچ کلچر کو فروغ دینا۔
- ریسرچ اینڈ ڈیویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (Research and Development Department) کے قیام سے تحقیقی وتالیفی سرگرمیاں بروئے کار لانا۔
- جاب پلیسمنٹ اینڈ ایلیومنی (Job Placement and Alumni) ڈیپارٹمنٹ کا قیام۔
- تعلیمی اداروں میں تربیت کے عملی واخلاقی پہلوؤں کو مد نظر رکھتے ہوئے اساتذہ کی تعلیمی وفنی تربیت کے مواقع فراہم کرنا اور وقتاً

فوقتاً ریفریشر کورسز(Refresher Courses)کاانعقاد کروانا۔

- طلبہ واساتذہ کی نصاب تعلیم، تحقیق وریسرچ اور مطالعہ کی ضرورتوں کو پورا کرنے اور جدید تحقیقی جرائد ورسائل کی دستیابی کے لیے جامع لائبریریز(Libraries)کا قیام عمل میں لانا[35]۔

کنزالمدارس بورڈ کا سکوپ(Scope):

